# مہا کمبھ 2025: ایک ہموار اور روحانی طور پر بھرپور سفر عقیدت مندوں کا منتظر

*’’مہا کمبھ 13 جنوری سے 26 فروری تک 45 دن کے لیے پریاگ راج میں منعقد ہونے جا رہا ہے۔ بھارت آنے کے لیے بے شمار وجوہات ہیں اور ہندوستانی تارکین وطن سے گزارش ہے کہ وہ اس دوران بھارت آئیں۔ پہلے این آر آئی دن، پھر مہا کمبھ، اور اس کے بعد یومِ جمہوریہ، یہ ایک قسم کی تروینی ہے، جو بھارت کی ترقی اور ورثے سے جڑنے کا ایک شاندار موقع فراہم کرتی ہے۔‘‘*

**——نریندر مودی، وزیرِ اعظم**

وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں، اتر پردیش حکومت اس بات کو یقینی بنانے کے لیے وسیع پیمانے پر تیاریاں کر رہی ہے کہ پریاگ راج میں مہاکمبھ 2025 ایک شاندار، محفوظ اور روحانی طور پر افزودہ تقریب ہو۔ دنیا بھر سے 40 کروڑ سے زیادہ عقیدت مندوں کی میزبانی کی توقع ہے، یہ 45 روزہ تہوار، 13 جنوری سے 26 فروری تک ہندوستان کے بھرپور ثقافتی ورثے اور روحانی روایات کو ظاہر کرے گا۔ ذیل میں کی گئی تفصیلی کوششیں یوں ہیں:

| زمرہ | تفصیلات/ شماریات |
|---|---|
| دورانیہ | 45دن (13 جنوری - 26 فروری 2025) |
| متوقع زائرین | 40کروڑسے زیادہ (400 ملین) |
| سڑکوں کا بنیادی ڈھانچہ | 92سڑکوں کی تزئین و آرائش؛ 17 سڑکوں کی خوبصورتی |
| پونٹون پل | 3,308پونٹون کا استعمال کرتے ہوئے 30 پلوں کی تعمیر؛ 28 تیار ہیں۔ |
| اشاروں (سمت) کی تنصیب | 800کثیر لسانی اشاروں کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ 400 سے زیادہ پہلے ہی نصب ہو چکے ہیں۔ |
| چیکرڈ پلیٹیں بچھائی گئیں۔ | میلہ کے علاقے میں 2,69,000 پلیٹیں لگائی گئیں۔ |




**1. بنیادی ڈھانچے کی ترقی**

عارضی شہر کی تیاری :مہا کمبھ نگر کو ایک عارضی شہر میں تبدیل کیا جا رہا ہے جس میں ہزاروں خیمے اور پناہ گاہیں شامل ہیں، جن میں آئی آر سی ٹی سی کے ’’مہا کمبھ گرام‘‘ جیسے اعلیٰ قسم کے ٹینٹ سٹی کے سپر ڈیلکس انتظامات بھی شامل ہیں، جو جدید سہولیات کے ساتھ ڈیلکس خیمے اور ولاز پیش کرتے ہیں۔

- **سڑکیں اور پل:**
  - 92سڑکوں کی مرمت اور 17 اہم سڑکوں کی خوبصورتی کا کام مکمل ہونے کے قریب ہے۔

- 3,308پونٹونز کا استعمال کرتے ہوئے 30 پونٹون پلوں کی تعمیر جاری ہے، جن میں سے 28 پہلے ہی فعال ہو چکے ہیں۔
  - **راہ نمائی کے لیے نشانات:** زائرین کے رہنمائی کے لئے 800کثیرالسانی نشانات (ہندی، انگریزی، اور علاقائی زبانیں) زائرین کی رہنمائی کے لیے نصب کیے جا رہے ہیں۔ ان میں سے 400 سے زائد نصب کیے جا چکے ہیں، اور باقی 31 دسمبر تک تیار ہو جائیں گے۔
  - **عوامی سہولیات:** 2لاکھ 69 ہزار چیکر پلیٹس راستوں کے لیے بچھائی جا چکی ہیں۔ موبائل ٹوائلٹ اور مضبوط فضلہ مینجمنٹ سسٹم صفائی کو یقینی بنائیں گے۔

**2. حفاظتی انتظامات:**

- اعلی درجے کی نگرانی:
- اہم مقامات پر 340 سے زیادہ ماہرین مصنوعی ذہانت سے چلنے والے نظام سے بھیڑ کی نگرانی کریں۔
- فضائی نگرانی کے لیے ہزاروں سی سی ٹی وی کیمرے اور ڈرون کی تنصیب۔
- بہتر حفاظت کے لیے داخلی مقامات پر چہرے کی شناخت والی ٹیکنالوجی۔
- فائر سیفٹی: 35 میٹر اونچائی، 30 میٹر چوڑائی تک آگ سے نمٹنے کے قابل چار آرٹیکولیٹنگ واٹر ٹاوروں کی تنصیب۔
- آگ سے حفاظت کے اقدامات کے لیے 131 کروڑ روپے سے زیادہ مختص کیے گئے ہیں۔ آگ کے واقعات کو روکنے اور حفاظت کو بڑھانے کے لیے ویڈیو اور تھرمل امیجنگ سسٹم کے ساتھ واٹر ٹاور جدید ٹیکنالوجیوں سے لیس ہیں۔
- پانی کے اندر ڈرون: پہلی بار، 100 میٹر تک غوطہ لگانے کے قابل پانی کے اندر ڈرون سنگم کے علاقے میں چوبیس گھنٹے نگرانی فراہم کریں گے۔
- سائبرسیکیورٹی: 56 سائبر سپاہیوں کی ایک ٹیم آن لائن خطرات کی نگرانی کرے گی۔ تمام تھانوں میں سائبر ہیلپ ڈیسک قائم کیے جا رہے ہیں۔
- حفاظت اور آفات سے نمٹنے کی تیاری کو بڑھانے کے لیے قدرتی آفات سے لے کر سڑک کے حادثات تک کے حالات سے نمٹنے کے قابل ایک جدید ترین ملٹی ڈیزاسٹر ریسپانس گاڑی تعینات کی گئی ہے۔ اس میں 10 سے 20 ٹن کی گنجائش والا لفٹنگ بیگ شامل ہے، جو ملبے کے نیچے دبے ہوئے افراد کو بچانے کے قابل بناتا ہے، اور 1.5 ٹن وزنی بھاری اشیاء کو اٹھانے اور منتقل کرنے کے لیے خصوصی مشینیں شامل ہیں۔

| حفاظتی اقدام | تفصیلات/ شماریات |
|---|---|
| سی سی ٹی وی کیمرے | بروقت نگرانی کے لئے اے آئی صلاحیتوں سے لیس 2700 کیمروں کی تنصیب |
| چہرے کی شناخت کی ٹیکنالوجی | بہتر حفاظت کے لیے داخلی مقامات پر استعمال کیا جاتا ہے۔ |
| نگرانی کے لیے ڈرون | فضائی نگرانی کے لیے تعینات |
| پانی کے اندر ڈرون | چوبیس گھنٹے نگرانی کے لیے 100 میٹر تک غوطہ لگانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ |
| فائر سیفٹی بجٹ | آگ سے حفاظت کے اقدامات کے لیے 131.48 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ |
| پولیس کی تعیناتی۔ | نیم فوجی دستوں سمیت 50,000 سے زائد اہلکار |

**3. صحت کی خدمات**

- طبی بنیادی ڈھانچہ :
- سرجیکل اور تشخیصی سہولیات سے آراستہ عارضی ہسپتال۔
- ’’بھیشما کیوب‘‘ کی تعیناتی، جو بیک وقت 200 لوگوں کا علاج کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔
- آنکھوں کی دیکھ بھال کی پہل: ایک ’’نیترا کمبھ‘‘ کیمپ کا مقصد 5 لاکھ سے زیادہ عازمین کے آنکھوں کے ٹیسٹ کروانا اور 3 لاکھ سے زیادہ چشمے تقسیم کرنا ہے، تاکہ گنیز ورلڈ ریکارڈ قائم کیا جا سکے۔

- آنکھوں کے عطیہ کا ایک کیمپ لگایا گیا ہے، جہاں 2019 میں 11,000 سے زیادہ لوگوں نے اپنی آنکھیں عطیہ کیں، اور اس سال کا ہدف عطیہ دہندگان کی مزید حوصلہ افزائی کرنا ہے تاکہ بھارت میں 1.5 کروڑ بصارت سے محروم افراد میں اندھے پن کو کم کرنے میں مدد ملے۔
- کمزور گروپوں کے لیے خصوصی نگہداشت: بزرگ زائرین اور بچوں کے لیے وقف صحت کیمپوں میں نقل و حمل میں مدد، ہائیڈریشن سپورٹ، اور ہنگامی دیکھ بھال پر توجہ دی جائے گی۔

**4. ماحولیاتی پائیداری**

- دریاؤں کا تحفظ: گنگا اور یمنا ندیوں میں صاف پانی کو یقینی بنانے کے لیے 3 عارضی سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹس لگائے جا رہے ہیں۔
- ماحول دوست اقدامات: روشنی کے لیے شمسی توانائی کا استعمال، دوبارہ قابل استعمال مواد کی تشہیر، اور ایک بار استعمال ہونے والے پلاسٹک پر پابندی۔

**5. ڈیجیٹل اختراعات**

- موبائل ایپ اور آن لائن خدمات: ایک سرشار ایپ ہجوم کی گنجائش، ہنگامی انتباہات، ہدایات، اور رہائش کی تفصیلات پر بروقت اپ ڈیٹ فراہم کرتی ہے۔ آن لائن رجسٹریشن اور ٹکٹنگ کا انتظام وزیٹر مینجمنٹ کو ہموار کرتی ہے۔
- وائی فائی زونز: عارضی وائی فائی زون زائرین کے لیے رابطے کو یقینی بنائیں گے۔
- مہاکمبھ نگر کے اندر نیویگیشن کے لیے گوگل میپس کے ساتھ انضمام۔

**6.سیاحت اور ثقافتی فروغ**

- اتر پردیش پویلین:
- ناگواسوکی مندر کے قریب 5 ایکڑ پر پھیلا ہوا، یہ پویلین اترپردیش کے سیاحتی سرکٹس (جیسے، رامائن سرکٹ، کرشنا براج سرکٹ، بدھسٹ سرکٹ، بندیل کھنڈ سرکٹ) کو ظاہر کرتا ہے اور ثقافتی پروگراموں کے ساتھ دستکاری کے لئے مارکیٹ بھی پیش کرتا ہے۔
- ثقافتی تقریبات: کلاسیکی موسیقی کی پرفارمنس، رقص، اور ہندوستان کے روحانی ورثے پر نمائشیں ریاست کی مالا مال ثقافت کو اجاگر کریں گی۔
- نئی راہداری اور مندر کی تزئین و آرائش:
- اکشے وٹ راہداری، سرسوتی کُوپ کوریڈور اور پتل پوری راہداری جیسی نئے راہداریوں کی ترقی۔
- ناگواسوکی مندر اور ہنومان مندر کوریڈور کی تزئین و آرائش۔

**7.معاشی اثرات**

- مہاکمبھ مقامی تجارت کو فروغ دے رہا ہے جس میں مہاکمبھ پر مبنی مصنوعات جیسے ڈائری، کیلنڈر، جوٹ بیگ اور اسٹیشنری کی مانگ میں اضافہ ہو رہا ہے۔ زبردست برانڈنگ کی وجہ سے فروخت میں 25 فیصد تک اضافہ ہوا ہے۔

**8.گلوبل آؤٹ ریچ**

- بین الاقوامی زائرین کے لیے کثیر لسانی اشارے اور ثقافتی پروگراموں کے ساتھ ہندوستان کے تنوع کو ظاہر کرنے کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔ ان جامع کوششوں کے ذریعے، مہاکمبھ 2025 کا مقصد صرف ایک مذہبی اجتماع نہیں بلکہ روحانیت، ثقافت، حفاظت، پائیداری اور جدیدیت کا عالمی جشن ہے۔

حوالہ جات

- محکمہ اطلاعات اور تعلقات عامہ (ڈی پی آئی آر)، حکومت اتر پردیش
- **https://kumbh.gov.in/**

**Download in PDF**

******

ش ح۔ ش ا ر۔ ول

Uno-4658